## دعائے روز　　بِسْمِ اللهِ الرَّحْمنِ الرَّحِيمِ　　چہارشنبہ (بدھ)

خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان اور نہایت ہی رحم کرنے والا ہے

**اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي جَعَلَ اللَّيْلَ لِباساً، وَالنَّوْمَ سُباتاً، وَجَعَلَ النَّهارَ نُشُوراً، لَكَ الْحَمْدُ أَنْ**

حمد اس خدا کے لیے ہے جس نے رات کو پردے اور نیند کو آرام کا ذریعہ بنا یا اور دن کو کام کاج کے لیے قرار دیا تیرے لیے

**بَعَثْتَنِي مِنْ مَرْقَدِي وَلَوْ شِئْتَ جَعَلْتَهُ سَرْمَداً، حَمْداً دائِماً لاَ يَنْقَطِعُ أَبَداً، وَلاَ يُحْصِي لَهُ**

حمد ہے کہ تو نے مجھے میری خوابگاہ سے زندہ اٹھایا اور اگر تو چاہتا تو اس نیند کو دائمی بنا دیتا۔ تیری ایسی حمد جو ہمیشہ رہے کبھی ختم

**الْخَلائِقُ عَدَداً، اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ أَنْ خَلَقْتَ فَسَوَّيْتَ، وَقَدَّرْتَ وَقَضَيْتَ، وَأَمَتَّ وَأَحْيَيْتَ،**

نہ ہو کہ جسکی تعداد کو مخلوق شمار نہ کر سکے۔ اے معبود تیرے ہی لیے حمد ہے کہ تو نے پیدا کیا تو درست پیدا کیا اور قضاء

**وَأَمْرَضْتَ وَشَفَيْتَ، وَعافَيْتَ وَأَبْلَيْتَ، وَعَلَى الْعَرْشِ اسْتَوَيْتَ، وَعَلَى الْمُلْكِ احْتَوَيْتَ،**

وقدر بنائی تو موت دیتا اور زندگی بخشتا ہے بیمار کرتا ہے شفا دیتا ہے تو بچاتا ہے اور آزماتا ہے اور عرش پر تیری حکومت اور ملک تیرے قبضہ قدرت میں ہے

**أَدْعُوكَ دُعاءَ مَنْ ضَعُفَتْ وَسِيلَتُهُ، وَانْقَطَعَتْ حِيلَتُهُ، وَاقْتَرَبَ أَجَلُهُ، وَتَدانىٰ فِي الدُّنْيا أَمَلُهُ،**

میں تجھے ایسے شخص کی طرح پکارتا ہوں جس کا وسیلہ کمزور ہو، چارۂ کار منقطع ہو گیا ہو، موت قریب آ گئی ہو اور وہ دنیا کی آرزو میں

**وَاشْتَدَّتْ إِلَىٰ رَحْمَتِكَ فاقَتُهُ، وَعَظُمَتْ لِتَفْرِيطِهِ حَسْرَتُهُ وَكَثُرَتْ زَلَّتُهُ وَعَثْرَتُهُ وَخَلُصَتْ**

گرفتار ہو اور تیری رحمت کا بہت زیادہ محتاج ہو، اسکی کوتاہیوں کے باعث اسکی حسرتیں بڑھ چکی ہوں اور اسکی لغزشیں اور ٹھوکریں بہت زیادہ ہوں اور تیرے

**لِوَجْهِكَ تَوْبَتُهُ فَصَلِّ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ خاتَمِ النَّبِيِّينَ وَعَلَىٰ أَهْلِ بَيْتِهِ الطَّيِّبِينَ الطَّاهِرِينَ وَارْزُقْنِي**

حضور سچی توبہ کر رہا ہوں پس تو نبیوں کے خاتم محمد مصطفیٰؐ پر رحمت فرما اور انکے پاک و پاکیزہ اہل بیتؑ پر بھی رحمت فرما اور مجھے محمدؐ و آل محمدؐ کی شفاعت وحمایت

**شَفاعَةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَلاَ تَحْرِمْنِي صُحْبَتَهُ إِنَّكَ أَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ اَللّٰهُمَّ**

نصیب فرما اور مجھے انکے قرب سے محروم نہ فرما۔ بے شک تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔ اے معبود! اس بدھ کے دن

**اقْضِ لِي فِي الْأَرْبِعاءِ أَرْبَعاً اجْعَلْ قُوَّتِي فِي طاعَتِكَ وَنَشاطِي فِي عِبادَتِكَ وَرَغْبَتِي فِي**

میری چار حاجتیں پوری فرما کہ میری قوت اپنی اطاعت میں لگا دے، میری خوشی اپنی عبادت میں قرار دے اور میری توجہ اپنے ثواب کیطرف کر دے

**ثَوابِكَ وَزُهْدِي فِيما يُوجِبُ لِي أَلِيمَ عِقابِكَ إِنَّكَ لَطِيفٌ لِما تَشاءُ.**

اور جس چیز سے مجھ پر تیرا سخت عذاب آتا ہو مجھے اس سے دور فرما کہ بیشک تو جس پر چاہے لطف فرماتا ہے

urdu.duas.org